J AND K ACADEMY OF ART CULTURE AND LANGUAGES

Glossary of Technical Terms

(English - Urdu)

MATHEMATICS

For Higher Secondary Level

فرہنگ اصطلاحات

(انگریزی - اردو)

ریاضیات

اعلیٰ ثانوی سطح کے لیے

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

BUREAU FOR PROMOTION OF URDU
Department of Education
Government of India

Glossary of Technical Terms
Mathematics
(English-Urdu)
For Higher Secondary Level

فرہنگ اصطلاحات
(انگریزی — اردو) ریاضیات
اعلیٰ ثانوی سطح کے لیے

Year of Publication: ——Saka 1910

سنہ اشاعت ۱۹۸۹ شک ۱۹۱۰

First Edition 5000

پہلا ایڈیشن : ۵۰۰۰

S. No. 597

سلسلہ مطبوعات : ۵۹۷

Rs. 5/=

قیمت :- ۵/ روپے

Published by the Director, Bureau for Promotion of Urdu, Deptt. of Education, Ministry of Human Resource Development. (Govt. of India) West Block 8 R. K. Puram, New Delhi-110 066 and Printed at: J. K. Offset Printers, Delhi-

ناشر:- ڈائریکٹر، ترقی اردو بیورو، محکمہ تعلیم حکومت ہند وزارت ترقی انسانی وسائل حکومت ہند۔
طابع :- جے، کے آفسیٹ پرنٹرز۔ جامع مسجد۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶-

پیش لفظ

بیسویں صدی عیسوی میں دیگر علوم کے ساتھ سائنسی علوم نے برق رفتاری سے ترقی کے منازل طے کیے ہیں۔ ان کے ذخیرۂ علوم کی عصری افادیت اور اہمیت کے پیشِ نظر سائنسی ایجادوں اور کارناموں سے متعلق تصانیف کا دنیا کی اہم اور ترقی یافتہ زبانوں میں ترجمہ کیا جارہا ہے۔ ترقی اردو بیورو کے قیام کے بعد مختلف علوم کے ساتھ سائنسی، تکنیکی اور طبی علوم کی کتابوں کے ترجموں کا کام شروع کیا گیا تو اصطلاحات کا مسئلہ درپیش ہوا۔ سائنسی علوم میں جامعیت اور اختصار سے کام لیا جاتا ہے۔ اس لیے اصطلاحات کے ذریعے معنی و مطالب کے جہان کی افہام و تفہیم کی جاتی ہے۔ بقول پروفیسر وحیدالدین سلیم:

"اصطلاحیں درحقیقت اشارے ہیں جو خیالات کے مجموعوں کی طرف ذہن کو فوراً منتقل کردیتے ہیں۔"

ایسی ہی حقیقتوں اور ضرورتوں کے پیشِ نظر ترقی اردو بورڈ نے اپنے قیام کے ابتدائی دور میں ہی سائنسی اور سماجی علوم کے مختلف شعبوں کے ماہرین پر مشتمل 18 اصطلاح ساز کمیٹیاں قائم کیں اور اصطلاح سازی کے سلسلے میں عثمانیہ یونیورسٹی کے دارالترجمہ میں ہوئے کام اور اسی طرح کے دوسرے سرمایہ سے استفادہ کرتے ہوئے ترقی اردو بیورو نے کچھ رہنما اصول بھی وضع کیے تاکہ اصطلاح سازی کے کام میں سہولت ہو اور ان کے لسانی مزاج اور معیار میں یکسانیت رہے۔ ان رہنما اصولوں میں مندرجہ ذیل اصول اساسی اہمیت کے حامل ہیں۔

1۔ ایسی اصطلاحوں کو ترجیح دی جانی چاہیے جو مروج یا مقبول ہوچکی ہوں۔

چاہے ان میں کوئی لسانی یا معنوی سقم ہی کیوں نہ ہو۔

2۔ اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد معنوں میں مستعمل ہے تو ایسی صورت میں اس کے مختلف مفاہیم کو علیحدہ علیحدہ الفاظ/اصطلاح سے واضح کیا جانا چاہیے۔

3۔ اصطلاحوں اور عام الفاظ میں فرق کیا جانا چاہیے۔ عام الفاظ کو فرہنگ میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے۔

4۔ کون سا لفظ اصطلاح ہے اور کون سا محض ایک عام لفظ، اس کا فیصلہ مضمون کے ماہرین کی رائے اور حسبِ ضرورت معیاری انگریزی لغات کی مدد سے کیا جانا چاہیے۔ اگر ایسی لغت یا لغات میں کسی لفظ کے کوئی خاص معنی یہ کہہ کر دیے گئے ہیں کہ یہ معنی کسی فن یا کسی علم سے مخصوص ہیں، تو اس فن یا علم کے مقاصد کے لیے اس لفظ کو اصطلاح تصور کیا جائے۔

5۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، ایک اصطلاح کا ہی اردو متبادل دیا جائے۔ بشرطیکہ وہ اصول نمبر 2 کی ذیل میں نہ آتا ہو۔

6۔ جہاں تک ممکن ہو سکے، اصطلاح یک لفظی ہی ہونی چاہیے۔ ناگزیر صورتوں میں یہ دو لفظی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی اصطلاحیں کم سے کم وضع کی جائیں جو دو سے زائد الفاظ پر مشتمل ہوں۔

7۔ ہندی اصطلاح کے اختیار کرنے کو (اگر ایسی اصطلاحیں اردو میں بآسانی تلفظ اور تحریر کی جا سکتی ہوں) عربی اصطلاحوں کے اختیار کرنے پر مراجح سمجھا جائے۔

8۔ اگر کسی اصطلاح کو ایک سے زائد الفاظ کے ذریعے ادا کرنے کی ضرورت پیش آئے تو حسبِ ذیل ترکیبات کو نیچے دی ہوئی ترتیب کے اعتبار سے ترجیح دی جائے گی۔

ا۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت یا حروف ربط و جار کی قسم کے الفاظ و علامات نہ ہوں۔

ب۔ وہ ترکیبات جن میں یائے نسبتی ہو۔

ج۔ وہ ترکیبات جن میں اضافت ہو (بشرطیکہ ان میں ایک سے زائد اضافتیں ہوں تو ان میں کم سے کم ایک کو کا، کی، کے سے بدل دیا جائے۔

د۔ وہ ترکیبات جن میں کا، کی، کے وغیرہ استعمال کیے گئے ہوں۔

9- اگر کوئی اصطلاح ایک سے زائد علم یا فن میں مشترک ہے اور ان سب علوم و فنون میں ایک ہی مفہوم میں استعمال کی جاتی ہے، تو اس کا اردو متبادل بھی ہر جگہ ایک ہی رکھا جائے گا۔

10- الفاظ کو وضع کرنے کے اصولوں میں اتنی کشادہ دلی ہونی چاہیے کہ ہندی، عربی، فارسی یا عرب فارسی یا فارسی عربی اور پراکرت ترکیبات بھی قابلِ قبول ٹھہریں۔

11- اگر کوئی انگریزی اصطلاح مروج ہو اور عام فہم ہو تو اُسے برقرار رکھا جائے۔ ایسی عام فہم اصطلاحوں کے لیے اردو متبادلات بنانے یا تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

12- اعلام کو ایسا ہی لکھا جائے جیسے کہ وہ اردو میں مقبول ہو چکے ہیں۔ البتہ ایسے اعلام جو ابھی مقبول نہیں ہوئے ہیں، ان کو حروفِ تہجی کے حدود کا لحاظ رکھتے ہوئے ممکن صحت کے ساتھ لکھا جانا چاہیے۔

13- اگر کوئی علم کسی اصطلاح کا حصّہ بن چکا ہے تو اس علم کا اصول نمبر 12 کی روشنی میں اردو میں ترجمہ کیا جانا چاہیے۔

اصطلاح سازی کا کام ایسے مشکل اور صبر آزما ادبی کاموں میں سے ہے جس کی تکمیل کے لیے وقت، لگن اور محنت درکار ہے۔ اصطلاح سازی کی اس اہم ذمّہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ترقی اردو بیورو نے ملک کے ممتاز مشاہیر اور ماہرین کا تعاون حاصل کیا ہے۔ مختلف اوقات میں اصطلاحوں کے فنی اور لسانی پہلوؤں پر بھی عمیق غور و فکر ہوتا رہا۔ اس سلسلے میں ہوئے آج تک کے کام کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا۔ اس طرح ان کمیٹیوں کے جلسے طلب کیے گئے۔ کسی کمیٹی نے اپنا کام بیس اجلاس میں ختم کیا ہے تو کسی نے اس سے زیادہ میں۔ ان جلسوں میں اصطلاح سازی کے دوران ماہرین نے اپنے وسیع مطالعہ اور تجربے کے ساتھ ان کے صوری حسن اور معنوی پرتوں پر بھی دھیان دیا ہے اور اپنی فکری، ذہنی اور دانشورانہ صلاحیتوں سے خوب کام لیا ہے۔ بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی دعویٰ ہرگز نہیں ہے کہ یہ وضع کردہ اصطلاحیں اپنے مضمون میں قولِ آخر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ کیوں کہ علم اور تحقیق کے میدان میں نئے مواد اور ترقی اور تبدیلی کے لیے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں اور رہنا چاہیے۔

جس کے نتیجے میں مناسب ترمیم اور اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ تکنیکی اور سائنسی تصانیف اور ان علوم کی درس و تدریس کی زبان کو اس مقصد کے لیے طویل مدت تک تواتر کے ساتھ پورے خلوص سے استعمال نہیں کیا گیا۔ اگر ایسا ہوتا تو ادبی اور تہذیبی تناظر کے ساتھ سائنسی اور علمی میدانوں میں بھی اردو زبان میں پنہاں صلاحیتوں کا اندازہ ہو جاتا۔ ان حالات میں اصطلاح سازی کا کام بظاہر مشکل معلوم ہوتا ہے۔ مگر اردو میں اصطلاح سازی کا مسئلہ زیادہ سنگین نہیں۔ کیوں کہ ابتدا ہی سے اس زبان کے خمیر میں سنسکرت، عربی اور فارسی جیسی عظیم زبانوں کی مٹی شامل ہے۔ عہد قدیم میں یہ تینوں زبانیں سائنسی، ادبی اور فنّی کارناموں کے اظہار کا ذریعہ رہ چکی ہیں۔ اور یہ وہ زبانیں ہیں جنھوں نے علمی اور سائنسی معلومات کے ساتھ معنی آفریں تراکیب و مرکبات اور علمی و سائنسی اصطلاحیں بھی عہد جدید کے سائنسدانوں اور مفکّرین کو دیں، جن کی تفصیل اُن تینوں زبانوں کی علم و ادب اور تاریخ کے صفحات میں موجود ہے۔ یہ موقع نہیں کہ اُن کی تفصیلات سے بحث کی جائے۔

جابر بن حیان (776ء) نے جو یورپ میں GEBCK کے نام سے مشہور ہے۔ 27 کتابیں علم کیمیا اور دیگر سائنسی علوم پر لکھی ہیں۔ ان کا ترجمہ مختلف یورپین زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس نے نائٹرک (NITRIC) سلفیورک ایسڈ (SULPHURIC ACID) دریافت کیا تھا اور لیڈ کاربونیٹ (LEAD CARBONATE) تیار کرنے کے لیے آرسینک (ARCENIC)، اور اینٹی نومی (ANTINOMY) کو سلفائڈس (SULPHIDES) سے الگ کرنے کا طریقہ بھی دریافت کرنے میں امتیاز حاصل کیا تھا۔ البیرونی نے ہندوستان میں 40 سال قیام کیا اور سنسکرت زبان پر عبور حاصل کیا تاکہ دیگر علوم کے ساتھ علم کیمیا اور علم نباتات بھی ہندوستان میں حاصل کرے۔ ہندوستان نے علم ریاضی میں وہ کمال حاصل کیا تھا کہ ہندوستان کے عہد قدیم کے کارنامے عہد جدید کے ترقی یافتہ ممالک میں آج بھی باقاعدہ تحقیق کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ مطلب یہ کہ جس زبان کے ورثے میں سائنس اور دیگر علوم موجود ہیں۔ اس میں بہتر سے بہتر اصطلاحیں وضع کرنے کے لیے صرف ریاض اور خلوص سے باقاعدہ غور و فکر کی ضرورت ہے۔ آزادی کے بعد اس کام کی تکمیل کا بیڑا ترقی اردو بیورو نے اُٹھایا اور خوشی و مسرت کا مقام ہے کہ ترقی اردو بیورو نے مختلف مضامین میں کام تقریباً مکمل کر لیا ہے۔ ایسی علمی اصطلاحوں کی کچھ فرہنگیں چھپ کر منظرِ عام پر آ چکی ہیں۔ کچھ چھپ رہی ہیں اور

امید ہے کہ باقی فرہنگیں بھی جلدی شائع ہو جائیں گی۔ زیر نظر فرہنگ اصطلاحات کی تیاری اور تکمیل میں جن ماہرین کا ہمیں بھرپور علمی و عملی تعاون حاصل رہا ہے۔ ہم ان کے شکرگذار ہیں۔ اصطلاح سازی کے اس کام سے بیورو کے کچھ سابقہ عہدہ دار بھی منسلک رہے ہیں۔ زیر نظر فرہنگ کی اصطلاح ساز کمیٹی کے اراکین کے اسماءگرامی حسب ذیل ہیں۔

1. پروفیسر افضال احمد

آغا پورہ ۔ حیدرآباد

2. پروفیسر اظہار حسین

علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی

3. ڈاکٹر محمد محفوظ علی صدیقی

مالک پیٹ ۔ حیدرآباد

4. ڈاکٹر مرتضیٰ علی قادری

علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی

5 جناب شبیر احمد خاں غوری

علی گڑھ

6 ڈاکٹر ضیاء الدین انصاری

حیدرآباد

7 ڈاکٹر محمد یعقوب عامر

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم

ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو

نئی دہلی

J AND K ACAdemy OF ART CULTURE AND LANGuages

A

A&B	A ضرب B
A is associated with B	A، B کا رفیق ہے
Abacus	عدادہ
Abscissa	فصلہ پہلا مختص طولی مختصر
Absolute	مطلق
Absolute value	مطلق قدر
Abstract Algebra	تجریدی الجبرا
Abstraction operator	تجریدی عامل
Absurd	مہمل ۔ بے معنی
Acceptable	قابل قبول
Accumulation	تجمع ۔ انبوہ
Acute angle	حادہ زاویہ
Acute angled triangle	حادہ زاوی مثلث
Addend	عنصر جمع
Addition	جمع / جوڑ
Additive identity element	جمعی تماثلی عنصر
Additive inverse	جمعی معکوس
Adjacent	متصل
Adjacent angles	متصل زاویے
Adjected quadratic equation	جامع دو درجی مساوات
Adjoining	متصل
Affine	اِلفی

Affirm	اثبات کرنا
Affirmation	اثبات
Algebra of propositions	قضیات کا الجبرا
Algebraic expression	جبری عبارت
Algebraic fraction	جبری کسر
Algebraic sum	جبری مجموعہ
Algebraic system	جبری نظام
Alternate	متبادل
Alternate angles	متبادل زاویے
Alternate interior angle	متبادل داخلی زاویے
Altitude	ارتفاع
Amount (for Arithmetic only)	کل زر
Amplitude	حیطہ
Analogous	مماثل
Analogy	مماثلت
Analytic	تحلیلی
Analytical	تحلیلی
Angle	زاویہ
Angular bisector	زاوی ناصف
Annual	سالانہ
Annuity	سالیانہ
Antecedent	متقدم
Anti symmetric relation	ضد متشاکل رشتہ
Anti symmetric set	ضد متشاکل سیٹ
Appendix	ضمیمہ
Application of sets	سیٹوں کا اطلاق
Approximate	تقریبی

Approximate value	تقریبی قدر
Approximately	تقریبی طور پر
Approximation	تقریب
Approximity	تقرب
Arbitrary	اختیاری
Arbitrarily	اختیاری طور پر
Arc	قوس
Arc measure	قوس پیمانہ
Area	رقبہ
Argument	دلیل
Arithmetic geometric series	حسابی جیومیٹری سلسلہ
Arithmetic mean	حسابی اوسط
Arithmetical interpretation	حسابی تعبیر
Arithmetical operation	حسابی عمل
Arithmetical process	حسابی طریقہ عمل
Arithmetician	حساب داں
Arrow diagram	تیردار شکل، تیردار ڈائگرام
Ascending order	چڑھتی ترتیب، صعودی ترتیب
Ascending power	چڑھتی قوت، صعودی قوت
Assert	ادعا کرنا
Assertion	ادعا
Assign	تفویض کرنا
Assignments	مفوضات
Associate	رفیق
Associated	رفیقی
Association	رفاقت، تلازمہ
Associative	تلازمی

Associative axiom	تلازمی موضوعہ
Associative law	تلازمی قانون
Assume	فرض کرو۔ مان لو
Assumption	مفروضہ
Asymptote	متقارب
Atomic event	ایٹمی وقوعہ
Atomic formula	ایٹمی ضابطہ
Atomic sentence	ایٹمی جملہ
Atomic sentencial interpretation	ایٹمی جملئی تعبیر
Augmentation	اضافہ۔ توسیع
Augmented	اضافہ شدہ۔ توسیع شدہ
Auxiliary	معاون
Average	اوسط
Axes	محاور
Axiom	موضوعہ
Axiom of choice	انتخاب کا موضوعہ
Axis	محور
Axis of symmetry	تشاکل کا محور
Axis of x	x محور
Axis of y	Y محور

B

Babilonia	بابل
Bar	خط (بار)
Base	قاعدہ، اساس
Bases	اساس
Base ten	اساس دس
Basic	بنیادی
Basic property	بنیادی خاصیت
Basic theorem	اساسی مسئلہ
Basis (singular)	اساس
Belong	شامل ہونا، عنصر ہونا
A belongs to B	A شامل ہے B میں A عنصر ہے B کا
Bi conditional sentence	دوشرطی جملہ
Bi conditional statements	دوشرطی بیانات
Bijection	دوربطی
Bijective	" "
Binary	دوعنصری
Binary relation	دوعنصری رشتہ
Binomial	دورکنی
Biquadratic	چار درجی
Biquadratic polynomial	چار درجی کثیر رکنی
Bisection	تنصیف
Bisector	ناصف

Boolean algebra	بولیائی الجبرا
Boolean function	بولیائی تفاعل
Boolean polynomials	بولیائی کثیر رکنی
Boolean ring	بولیائی رنگ
Bound	حد
Bound occurrence	پابند وقوع
Bound variable	پابند متغیر
Bounded set	محدود سیٹ
Bracket	بریکٹ
Bracketed	بریکٹ شدہ
Brali Forli paradox	برالی فورلی کا متناقضہ
Breadth	چوڑائی
Broad	چوڑا
Broken-line	شکستہ خط
Broken segments	شکستہ قطعے
By parts	بالحصص

C

Calculate	حساب کرنا
Calculated	حساب شدہ
Calculation	حساب
Calculator	حساب کار
Cancellation	تنسیخ
Capacity	گنجائش
Cardinal (points)	حوالے کے نقاط
Cardinal number	درجاتی عدد
Cardinality	درجاتیت
Categorical theory	معقولاتی نظریہ
Cartesian plane	کارتیزی مستوی
Cartesian product	کارتیزی حاصل ضرب
Centor's paradox	کینٹر کا متناقضہ
Central	مرکزی
Centre	مرکز
Certain	یقین
Characterisation	اختصاص
Characteristic function	امتیازی تفاعل
Characteristic roots	امتیازی ریشے (اصلین)
Characteristic vector	امتیازی سمتی
Chart	چارٹ / جدول
Choice function	انتخابی تفاعل

Chord	قوسی وتر
Circuit	چکر ۔ دور
Circuit design	چکر کا نمونہ، دور ڈیزائن
Circular	دائری
Circular definition	دائری تعریف
Circular measure	دائری پیمانہ
Circularity	دائریت
Circumference	محیط
Circumferential	محیطی
Circumscribe	دائرے سے محیط کرنا
Circumscribed	دائرہ سے محیط شدہ
Circumscribing circle	محیطی دائرہ
Circumscribing polygon	محیطی کثیر ضلعی
Circumscribing triangle	محیطی مثلث
Claim	ادعا۔ دعویٰ
Class of sets	سیٹوں کی کلاس
Classical argument	کلاسیکی دلیل
Closed	بند
Closed interval	بند وقفہ
Closure property	بندشی خاصیت
Cluster	جھرمٹ
Cluster point	نقطہ اژدھام
Codomain	ہم علاقہ
Coefficient	ضریب
Coefficient of proportionity	تناسب کا ضریب
Coherent	مربوط
Coincide	منطبق ہونا

Coincidence	انطباق
Collinear	ہم خط
Column Canonical Matrix	کالمی آئینی مانڑس
Column index set	کالمی اشاریائی سیٹ
Column indexes	کالمی اشاریے
Column method	کالمی طریقہ
Column rank	کالمی مرتبہ
Column vectors	کالمی سمتی
Combination	اجتماع
Commensurable	ہم قاسمی
Commodity bundles	صناعی بنڈل
Commodity space	صناعی فضا
Common difference	مشترک فرق
Common factor	مشترک جز وضربی
Common fraction	مشترک کسر، معمولی کسر
Common Logarithm	معمولی لوگارتھم
Common noun	اسم عام
Common ratio	مشترک نسبت
Commutative law	تقلیبی قانون
Commutative ring	تقلیبی حلقہ
Compact	چست
Comparability	تقابل پذیری
Comparable	تقابل پذیر
Compass	پرکار۔ کمپاس
Compare	مقابلہ کرنا
Comparison	تقابل۔مقابلہ
Compatible	ہم آہنگ

Complement of a set	سیٹ کا تتمہ
Complementary	اتمامی
Complementary combination	اتمامی اجتماع
Complementary sub set	اتمامی تحت سیٹ
Complete	مکمل کرنا۔ مکمل
Complete conjunctive normal form	مکمل اتصالی نارمل صورت
Complete disjunctive	مکمل انفصالی
Complete disjunctive normal form	مکمل انفصالی نارمل صورت
Complete dual canonical form	مکمل ثنوی آئینی صورت
Complete quadratic equation	مکمل دو درجی مساوات
Completeness	مکملیت
Completion	تکمیل
Component	جز و ترکیبی
Component sentence	جزئی جملہ
Components	اجزاء
Composite number	غیر مفرد عدد
Composite statements	غیر مفرد بیانات
Composition	ترکیب اجزائی
Composition operation	ترکیب اجزائی عمل
Composition series	ترکیب اجزائی سلسلہ
Compound fraction	مرکب کسر
Compound interest	مرکب سود
Compound open statement	مرکب کھلا بیان
Compound predicate	مرکب محمول (منطق میں)
Compound statement	مرکب بیان
Computation	تحاسب
Computational	تحاسبی

Compute	محسوب کرنا
Computed	محسوبہ
Concave	مقعر
Concave broken segments	مقعر شکستہ قطع
Concave polygon	مقعر کثیر ضلعی
Concentric	ہم مرکز
Concept	تصور
Conclusion	نتیجہ
Concomitant	متلازم
Concurrent	ہم نقطہ
Conditional definition	شرطی تعریف
Conditional sentence	شرطی جملہ
Conditional statement	شرطی بیان
Conditionalisation	تشریط
Conditionalise	تشریط کرنا
Cone	مخروط
Congruence	مماثلث (جیومیٹری میں) توافق (نظریہ اعداد میں) (الجبرا میں)
Congruence class	توافقی جماعت
Congruent condition	توافقی شرط
Conical pendulus	مخروطی رقاص
Conjoin	متصل کرنا
Conjugate numbers	زوجی اعداد
Conjunction	اتصال
Connected (topology)	پیوستہ
Connectedness (topology)	پیوستگی
Connected relation	ارتباط / پیوستہ رشتہ

Connotation	تضمین
Consecutive	متصل، پے درپے، متواتر
Consecutives	متصل
Consequent	تالی
Consistency	ہم آہنگی
Consistency of premises	مقدمات کی ہم آہنگی
Consistent	ہم آہنگ
Consistent equations	ہم آہنگ مساواتیں
Consistent function	مستقل تفاعل
Contextual interchange	سیاقی تبادلہ
Continuam	سلسلہ
Continued fraction	کسر مسلسل
Continuing refusal	پیہم انکار
Continuous	مسلسل
Contradiction	تضاد
Contradictory	متناقض۔ متضاد
Contra position (Contrapositive)	عکس تقابل
Contrast	فرق
Controversy	تنازعہ
Controvert	حجت کرنا، تنازعہ کرنا
Conventionalism	رواجیت
Converge	متقارب ہونا
Convergence	تقارب
Convergency	تقارب پذیری
Convergent	متقارب
Converse	برعکس

Converse domain	برعکس علاقہ
Conversely	بالعکس
Conversion table	تبادلہ جدول
Co-prime	ہم مفرد
Coordinate	مختص
Coordinate axes	مختصوں کے محور
Coordinate plane	مختصوں کا مستوی
Coordinates	مختص / مختصات
Coplaner	مطابق ۔ متناظر
Correspondence	تناظر، مطابقت
Correspondence principle	اصول تناظر
Corresponding	متناظر، مطابق
Corresponding angles	نظری زاویے
Corresponding parts	متناظر حصے
Corresponding sides	متناظر ضلعے
Corresponding vertices	متناظر راس
Co-set	ہم سیٹ
Coset,left	بایاں ہم سیٹ
Coset, right	دایاں ہم سیٹ
Cost price	قیمت خرید
Co-terminal	مختتم
Countable set	شمار پذیر سیٹ
Countably additive	مخالف پذیر جمعی
Counter domain	مخالف علاقہ
Counter example	مخالف مثال
Creative	تخلیقی
Creativity	تخلیقیت

Criteria	کسوٹیاں
Criterion	کسوٹی
Cross product	کراس حاصل، چلیپی حاصل ضرب
Cross product operation	چلیپی ضربی عمل
Cube	کعب
Cube root	کعبی جذر
Cubic	کعبی
Cubic polynomial	کعبی کثیر رکنی
Cubical	کعبی
Cubical polynomial	کعبی کثیر رکنی
Cuboid cuboidal	کعب نما
Current	رو۔ رواں
Current coordinate	رو مختصات
Curvature	انحنا
Curve	منحنی
Curved surface	منحنی سطح
Cut	کاٹ۔ تراش
Cut of rational numbers	ناطق اعداد کی کاٹ / تراش
Cycle	سائیکل
Cyclic groups	سائیکلی گروپ
Cyclic notation	سائیکلی ترقیم
Cylinder	اسطوانہ

D

Data	آنکڑے ۔ ڈیٹا
Decimal	اعشاریہ
Decimal fraction	اعشاری کسر
Decimal representation	اعشاری تعبیر
Decimal system	اعشاری نظام
Decision procedure	فیصلہ کن طریقہ کار
Decreasing order	گھٹتی ترتیب
Decreasing power	گھٹتی قوت
Dedekind's cut	ڈیڈی کنڈ تراش
Deduction theorem	استخراجی مسئلہ
Defined	معرف
Definition	تعریف
Degree of accuracy	درجہ صحت
Delimitation	حد بندی
De Morgan's law	ڈی مارگن کا کلیہ
Density property	کثافتی خاصیت
Denominator	کسر نما
Denumerable set	شمار پذیر سیٹ
Deny	انکار کرنا
Dependence	تابعت
Dependent	تابع
Dependent equation	تابع مساوات

Dependent variable	تابع متغیر
Derivable	اشتقاق پذیر
Derivative	مشتق
Derived rule	مشتق قاعدہ
Derived truth table	مشتق صدقی جدول
Descending order	اترتی ترتیب / نزولی ترتیب
Descending power	اترتی قوت / نزولی قوت
Designate	مختص کرنا
Diagonal matrix	وتری ماترس
Diagram	ڈائیگرام
Diameter	قطر
Difference of sets	سیٹوں کا فرق
Difference set	فرقی سیٹ
Difference structure	فرقی ساخت
Differentiable	تفرق پذیر
Differential co efficient	تفرقی حاصل۔حاصل تفرق
Digit	ہندسہ
Dihedral group	دوسطوی گروپ
Dimension	بعد
Dimensional	ابعادی
Dimensionless	غیرابعادی
Dimensions	ابعاد
Direct proof	راست ثبوت
Discriminant	ممیز
Disjoint cycles	منفصل سائیکلیں
Disjoint set	غیرمشترک سیٹ
Disjoint sets	غیرمشترک سیٹس

Disjunction	انفصال
Disjunctive normal form	انفصالی نارمل صورت
Displacement	نقل مکان
Distance	فاصلہ
Distribution	بٹاؤ
Distributive	تقسیمی
Distributive law	تقسیمی قانون
Divergence	غیر تقاربی ۔ تباعد
Divergent	غیر متقارب ۔ متباعد
Dividend	مقسوم
Divisibility	تقسیم پذیری
Divisible	قابل تقسیم ۔ تقسیم پذیر
Division	تقسیم
Division Algorithm	تقسیمی الخوارزم
Division ring	تقسیمی حلقہ / رنگ
Divisor (Algebra)	قاسم (الجبرا)
Divisor (Maths)	مقسوم علیہ
Domain of definition	تعریف کا علاقہ
Domain of discourse	علاقہ کلام
Dominance	غلبہ
Dominant	غالب
Dot product	بندی ضرب
Double negation	دوہری نفی
Dual	دوئیلا ، ثنوی
Dual canonical form	ثنوی آئینی صورت
Dual distributive law	دوئیلا (ثنوی) تقسیمی قانون
Duality	دوئیلاپن ۔ ثنویت

Dual statement	ثنوی بیانات
Duplicate	دوتائی
Duplicate of a cube	کعب کی دوتائی
Dynamical	حرکیاتی
Dynamics	حرکیات

E

Echelon Matrix	زینہ دار ماترس
Eigen value	امتیازی قدر
Eigen vector	امتیازی سمتی
Electrical	برقی
Element	عنصر
Elementary	مبادیاتی۔ ابتدائی
Elementary column transformation	ابتدائی کالمی استحالہ
Elementary matrix	مبادیاتی ماترس
Elementary row	مبادیاتی قطار
Elementary row transformatioin	مبادیاتی قطاراستحالہ
Elements	عناصر
Eliminate	خارج کرنا
Elimination	اخراج
Eliminent	حاصل اخراج
Emptiness	خالی پن
Empty relation	خالی رشتہ
Empty set	خالی سیٹ
Enlargement	کلاں گیری
Entities	ہستیاں
Entity	ہستی
Equal difference structure	مساوی فرقی ساخت
Equality	تساوی۔ برابری

Equality of sets	سیٹوں کی برابری
Equation	مساوات
Equilateral triangle	مساوی ضلعی مثلث
Equic spaced	مساوی فصلی
Equivalence	معادلت
Equivalence classes	معادلت کی جماعتیں
Equivalence relations	معادلت کے رشتے
Equivalence set	معادلت کے سیٹ
Equivalent	معادل
Equivalent open statement	معادل کھلے بیانات
Equivalent sets	معادل سیٹ
Equivalent systems of equations	مساواتوں کے معادل نظام
Euclidean Algorithm	اقلیدسی الخوارزم
Euclidean domain	اقلیدسی علاقہ
Euclidean ring	اقلیدسی حلقہ
Excluded middle	وسط مخلوعہ
Exclusive	باہم غیر شامل ۔ غیر مشمولی
Exclusive sense	غیر مشمول مفہوم
Exercise	مشق
Existential premises	وجودی مقدمات
Existential quantifier	وجودی مقداریہ
Existential specification	وجودی تخصیص
Exponential function	قوت نما تفاعل
Exponents	قوت نما
Expression	عبارت
Extension of function	تفاعل کا امتداد
Exterior	بیرونی / خارجی

Exterior angle of a triangle	مثلث کا خارجی زاویہ (جیومیٹری میں)
Exterior common tangent	بیرونی مشترک مماس
Exterior point	بیرونی نقطہ
External tangent	بیرونی مماس
Extract	اقتباس
Extraneous solution	بیرونی حل
Extreme terms	طرفین
Even (odd)	جفت (طاق)
Even number	جفت عدد
Event	وقوعہ

F

Factor	جزو ضربی
Factor group (quotient-group)	جزوی ضربی جماعت، مخروجی گروپ
Factorial	ضربیہ
Factorisation	اجزائے ضربی میں تحلیل
Factorise	اجزائے ضربی میں تحلیل کرنا
Factor theorem	مسئلہ جزو ضربی
Factors	اجزائے ضربی
Factual argument	واقعاتی دلیل
Factually true	فی الواقع صادق
Fallacious derivation	مغالطی اشتقاق
Fallacious inference	مغالطی استنتاج
Fallacious rules	مغالطی قواعد
Fallacy	مغالطہ
False	کاذب
False conclusion	کاذب نتیجہ
Falsity	کذب
Family of sets	سیٹوں کا قبیلہ
Field	میدان (فیلڈ)
Figure	شکل
Finite	متناہی
Finite cardinal	متناہی درجاتی عدد
Finite domain	متناہی علاقہ
Finite ordinal	متناہی رتباتی

Finite progression	متناہی تصاعد
Finitely additive space	متناہی طور پر جمعی فضا
Finiteness	متناہیت
First complete reaction principle	پہلا مکمل ردعمل اصول
First order predicate logic	پہلے رتبے کی محمولی منطق
First sub script	پہلی زیر نوشت
First super script	پہلی بالا نوشت
Flagging restriction	ضعیف تحدید
Foot of the perpendicular	عمود کا قدم
Force	قوت
Formal derivation	باضابطہ اشتقاق
Formal proof	باضابطہ ثبوت
Formula	ضابطہ، فارمولا
Fraction	کسر
Fractional expression	کسری عبارت
Free occurrence	آزاد وقوع
Free variable	آزاد متغیر
Function	تفاعل (فنکشن)
F is a function from A on to B	F سیٹ A سے سیٹ B پر ایک تفاعل ہے۔
F is a function from A into B	F سیٹ A سے سیٹ B میں ایک تفاعل ہے
F is a function from A to B	F سیٹ A سے سیٹ B تک ایک تفاعل ہے
Fundamental product theorem	ضرب کا بنیادی مسئلہ
Functional notation	تفاعلی ترقیم

G

Gaussian integer	گاوسی صحیح عدد
General	عام، عمومی
Generalization	تعمیم
Generalizations	تعمیمات
Genus	جینس
Geometric means	جیومیتریہ درمیانے
Geometric progression	جیومیتریہ تصاعد
Geometric series	جیومیتریہ سلسلہ
Geometrical	جیومیتریہ
Generator (Alg.)	جنریٹر، مولد
Graph	ترسیم/گراف
Graphical representation	ترسیمی اظہار، گرافی اظہار
Graphic method	ترسیمی طریقہ/گرافی طریقہ
Greatest	اعظم
Greatest common divisor	اعظم مشترک قاسم
Greatest common measure	اعظم مشترک پیمانہ
Greatest factor	اعظم جزو ضربی
Greece	یونان
Greek	یونانی
Group	گروپ

H

Half closed interval	نیم بند وقفہ
Half open interval	نیم کھلا وقفہ
Half yearly	ششماہی
Harmonic progression	ہارمونی تصاعد
Highest	اعظم
Highest common divisor	اعظم مشترک قاسم
Highest common factor	اعظم مشترک جزو ضربی
Homomorphic (similar in form)	ہم مارفی
Homomorphic image	ہم مارفی عکس
Homomorphism	ہم مارفیت
Hyperboloid	زائد نما
Hypothesis	مفروضہ

I

Ideal	تصوراتی (جمیٹری) ایڈیال (الجبرا)
Idealization	ایڈیال سازی
Idempotency	ہماں قوتی
Idempotent element	ہماں قوت عنصر
Idempotent law	کلیہ ہماں قوت
Identity	اکائی، متماثلہ، تماثل
Identity element	عنصر اکائی / تماثلی عنصر
Identity element of addition	تماثلی عنصر جمع کا
of a group	تماثلی عنصر گروپ کا
of multiplication	تماثلی عنصر، ضرب کا
Identity function	تماثلی تفاعل
Identity matrix	تماثلی ماترس
Identical set	متماثل سیٹ
Identity permutation	تماثلی ترتیب
Identity transformation	اکائی استحالہ، تماثلی استحالہ
Identification	متماثلت، شناخت
Identified	متماثل شدہ، شناخت شدہ
Image	عکس
Imaginary part	خیالی حصہ
Imaginary numbers	خیالی اعداد
Immediate	فوری

Immediate predecessor	فوری پیش رو
Immediate successor	فوری پس رو
Impact	تصادم
Implication	مراد۔ دلالت (منطق میں)
Imply	دلالت کرنا (منطق) نتیجہ نکالنا
Improper fraction	غیرواجب کسر
Improper set	غیردلچسپ سیٹ
Improper sub set	غیردلچسپ تحت سیٹ
Inadequacy	عدم کفایت
Inclusion	شمول
Inclusive sense	داخلی مفہوم۔شامل مفہوم
Incogruent solution	غیرتوافقی حل
Incommensurable	غیرہم قاسم
Incompatible	بے آہنگ
Inconsistent	بے آہنگ
Increasing order	بڑھتی ترتیب
Increasing power	بڑھتی قوت
Independent	غیرتابع
Independent variable	غیرتابع متغیر
Indeterminacy	غیرتعین پذیری
Indeterminate	غیرمتعین / غیرتعین پذیر
Indeterminate (variable)	غیرمتعین (متغیر)
Index	قوت نما، اشاریہ
Index of the radical	جذر نما
Index set	اشاریائی سیٹ (نمائندہ سیٹ)
Indexed set	اشاریہ شدہ سیٹ
Indicator	مظہر

Indices	اشاریات، قوت نما
Indicial equation	قوت نماؤں کی مساوات
Individual constants	انفرادی مستقلات
Indivisible	تقسیم ناپذیر
Induction	استقرا، امالہ
Induction principle	استقرائی اصول ۔ امالی اصول
Inequality	نامساوات
Infimum	اعظم زیریں حد، سفلیہ
Infinite	لامتناہی
Infinite domain	لامتناہی علاقہ
Infinite geometric series	لامتناہی جیومیٹریہ سلسلہ
Infinite progression	لامتناہی تصاعد
Inifinite series	لامتناہی سلسلے
Infinitude	لامتناہیت
Infinity	لامتناہی
Informal proof	غیر ضابطہ ثبوت
Ingredients	اجزائے ترکیبی
Initial segment	آغازی قطعہ
Inner product	اندرونی حاصل ضرب
Inner product operation	اندرونی حاصل ضربی عمل
Integers	صحیح اعداد
Integral domain	صحیح علاقہ
Integral multiple	صحیح ضعف
Intercept	مقطوعہ
Interchange	باہمی تبادلہ
Interchangeable	باہمی تبادلہ پذیر
Interior	اندرونی، اندرون

Interior angles	داخلی زاویے
Interior common tangent	اندرونی مشترک مماس
Interior point	اندرونی نقطہ
Interpret	ترجمانی کرنا۔ تعبیر کرنا
Interpretation	تعبیر/ترجمانی
Internal	داخلی
Internal tangent	داخلی مماس
Into function	درتفاعل
Intransitive	غیر انتقال پذیر
Intransitivity	غیر انتقالیت۔ غیر عبوریت
Intuitive	وجدانی
Intuitive set theory	وجدانی سیٹ نظریہ
Invariant factor	غیر متغیر جز وضربی
Invariant sub group	غیر متغیر تحت گروپ
Invariant vector	غیر متغیر سمتی
Inverse	معکوس
Inverse element	معکوس عنصر
Inverse function	معکوس تفاعل
Inverse proportion	معکوس تناسب
Inverse relation	معکوس رشتہ
Inverse rule of three	تین کا معکوس قاعدہ
Inversely proportional	بالعکس متناسب
Involution law	قاعدہ درپیچ/درپیچی کلیہ
Involving	مشتمل
Irrational number	غیر ناطق مساوات
Irreducible element	غیر ناطق عدد
Irrational equation	تخفیف ناپذیر عنصر۔ تحویل ناپذیر عنصر

Irreflexive	غیر رَجوعی
Isolated systems	جدا انظام ،تنہا نظام
Isomorphic	یک مارفی
Isomorphic sets	یک مارفی سیٹ
Isomorphism (identity in form)	یک مارفیت
Isosceles triangle	مساوی ساقین مثلث

J

Joint denial	مشترکہ انکار
Juxtaposition	پہلو بہ پہلو رکھنا (ہونا)

K

Kernel	مغز
Kinematics	مجرد حرکیات
Kinemetical	مجرد حرکیاتی
Kinetic	حرکی
Kinetic energy	حرکی توانائی
Kinetics	قوتی حرکیات

L

Latent roots	امتزازی ریشے (اصلین)
Lateral	پہلوی
Law of absorption	انجذاب کا کلیہ
Lae of absurdity	مہملیت کا کلیہ
Law of addition	جمع کرنے کا کلیہ
Law of adjunction	اتصال کلیہ
Law of contradiction	تناقض کا کلیہ۔ تضاد کا کلیہ
Law of contraposition	عکس نقیض کا کلیہ۔ عکس مقام کا کلیہ
Law of detachment	ناوابستگی کا کلیہ
Law of double negation	دوہری نفی کا کلیہ
Law of equivalence	معادلت کا کلیہ
Law of excluded middle	وسط مخلوعہ کا کلیہ
Law of exportation	برآمدگی کا کلیہ
Law of hypothetical syllogism	مفروضی قیاس کا کلیہ
Law of importation	درآمدگی کا کلیہ
Law of negation for implication	دلالت کی نفی کا کلیہ
Law of simplification	اختصار کا کلیہ
Law of syllogism	قیاس کا کلیہ
Leading coefficient	اولیٰ ضریب
Leading diagonal	اولیٰ وتر
Least	اقل
Least common multiple	اقل مشترک ضعف

Least element(greatest element)	اقل عنصر (اعظم عنصر)
Least upper bound	اقل بالائی حد
Left distributive	بایاں تقسیمی
Left ideal	بایاں ایڈیال
Lemma	معاونہ
Like terms	یکساں ارکان
Limit number	نہائی عدد۔ انتہائی عدد
Limit ordinal numbers	نہائی رتبائی اعداد
Line	خط
Linear (Algebra)	خطی (الجبرا)
Linear combination	خطی ترکیب
Linear congruence	خطی توافق
Linear dependence	خطی تبع
Linear equation	خطی مساوات
Linear polynomial	خطی کثیر رکنی
Linear programming	خطی پروگرامی
Linear transformation	خطی استحالہ
Linearly dependent	خطی تابع
Linearly independent	خطی غیر تابع
Linguistic entities	لسانی ہستیاں
Locu	طرائق
Locus	طریق
Logic	منطق
Logical	منطقی
Logical consequence	منطقی نتیجہ
Locical derivation	منطقی اشتقاق
Logical equivalence	منطقی معادلت

Logical implication	منطقی دلالت
Logical reasoning	منطقی استدلال
Logical truth	منطقی صدق
Logical valid	منطقی طور پر معتبر (جائز)
Logical validity	منطقی معتبری / منطقی جواز
Logically equivalent	منطقی طور پر معادل
Logician	منطق داں
Loop	دوشاخی حلقہ
Loss	نقصان
Lower triangular matrix	زیریں مثلثی ماترس
Lowest	زیرترین
Lowest common multiple	ذو اضعاف اقل مشترک

M

Magnification	تکبیر
Major arc	قوس اکبر
Map(n)	نقش. نقشہ (اسم)
Map(v)	تنقیش، نقش کرنا (فعل)
Mapper	نقاش
Mapping	نقاشی
Mapping of c into b	سی کی بی میں تنقیش
Mappings	تنقیش
Maps A into B	اے کو بی میں نقش کرتا ہے
Mathematical induction	ریاضیاتی استقرا
Mathematical truth	ریاضیاتی صدق
Matrices	ماترس ، ماترسین
Matrix	ماترس
Maxima	عظیم قدریں
Maximal (Alg)	عظمی
Maximal element	عظیمی عنصر
Maximum linearly independent	عظیم خطی طور پر غیر تابع
Maximum value	عظیم قدر
Mean	درمیانہ
Meaningful implication	پرمعنی دلالت
Means (Ratio & Proportion)	درمیانے، وسطین
Measure of an angle	زاویے کا پیمانہ

Measure of an arc	قوس کا پیمانہ
Measure of a segmen	مقطع کی ناپ، قطع ناپ
Measurement	پیمائش، ناپ
Median	وسطانیہ
Membership	رکنیت
Meta mathematics	مابعد ریاضیات
Method	طریقہ
Middle term	وسطی رکن
Middle terms	وسطی ارکان
Minima	قلیل قدریں
Minimal element	قلیلی عنصر
Minimum	قلیل قدر
Minor arc	قوس اصغر
Minuend	مفروق منہ
Mixation	آمیزش
Mixture	آمیزہ
Mod	مق
Mod (for modulo or modulus),(Mod)	مق برائے مقیاس
Model	ماڈل
Modify	ترمیم کرنا
Module	ماڈیول
Modulo	بہ مقیاس (نظریہ اعداد میں)
Modulus	مقیاس (الجبرا)
a=b (mod m), n positive integer a=b for	مق (نظریہ اعداد میں)
Modulus or Mod for Modulus	مقیاس (الجبرا)، یا مطلق قدر
Molecule	سالمہ
Monic associate	وحدی رفیق

Monic polynomial	وحدی کثیر رکنی
Monomial	یک رکنی
Multiple	ضعف
Multiples	اضعاف
Multiplicand	مضروب
Multiplication	ضرب
Multiplicative inverse	ضربی معکوس
Multiplier	ضارب
Mutual	باہمی
Mutually exclusive	باہم اخراجی

N

Natural number	طبعی اعداد
Nearest	قریب ترین
Negation	نفی
Negate	نفی کرنا
Negative	منفی
Negative definition	منفی تعریف
Negative Integers	منفی صحیح اعداد
Net work	جال
Neutral element	تعدیلی عنصر
Nominal definition	اسمی تعریف
Non-obelian group	غیر ابیلی گروپ
Nonagon	نو ضلعی
Non-atomic sentence	غیر ائیمی جملہ
Non-commutative operation	غیر تقلیبی عمل
Non-cummutative ring	غیر تقلیبی حلقہ (رنگ)
Non-comparable interval	غیر تقابل پذیر وقفہ
Non co-terminal	غیر ہم مختتم
Non-denumerable set	غیر شمار پذیر سیٹ
Non-disjoint interval	غیر منفصل وقفہ
Non emptiness	غیر خالی پن
Non-empty proper subset	غیر خالی واجب تحت سیٹ

Non-exclusive	ناغیر شمولی
Non-homogeneous	غیر متجانس
Non-intersecting circles	غیر متقاطع دائرے
Non-intersecting lines	غیر متقاطع خطوط
Non-intersecting planes	غیر متقاطع مستوی
Non-linear equation	غیر خطی مساوات
Non rational cut	غیر ناطق کاٹ
Non-singular matrix	غیر نادر ماترس
Non-terminating	غیر مختتم
Non trivial divisor	غیر ادنیٰ قاسم
Non truthful function	غیر صادق تفاعل
Norm	نارم
Normal	نارمل، عماد (جیومیٹری میں)
Normal form	نارمل صورت
Normal sub group	نارمل تحت گروپ
Notate	ترقیم کرنا۔ علامت
Notation	علامتی اظہار۔ ترقیم
Null	عدیم
Null hypothesis	باطل مفروضہ
Null ideal(Zero ideal)	صفر آئیڈیال
Null sequence	صفری تواتر
Null space	باطل فضا
Nullity	بطلان / عدمیہ
Number	عدد
Number line	عددی خط
Numeral (adj)	عددیہ۔ عددی علامت۔ عددی
Numeration	شمار، تعدد

Numerator	شمار کنندہ
Numeric	عددی
Numerical	عددی
Numerical Value	عددی قدر
Numerical variables	عددی متغیرے
Numerically	عددی طور پر

O

Object	شے، فردیہ، معروضی
Object program	معروضی پروگرام
Objective view	معروضی نظر، معروضی منظر
Obscure definition	غیر واضح تعریف
Obtuse angle	منفرجہ زاویہ
Obtuse angled triangle	منفرجہ زاویہ مثلث
Occurrence	وقوع
Octagon	آٹھ ضلعی
Octic group	ہشتی گروپ
Odd number	طاق عدد
On to function	برتفاعل
One-one function/One to one function	ایک ایک تفاعل
One one relation	یک یک رشتہ
One to one correspondence	ایک ایک مطابقت/ایک ایک تناظر
One to one mapping	ایک تا ایک تنقیش
One place predicate	یک مقامی محمول
Open closed interval	کھلا بند وقفہ
Open formula's	کھلے ضابطے
Open interval	کھلا وقفہ
Open sentence	کھلا جملہ
Open statement	کھلا بیان
Operation	عمل

Operation symbols	عاملی علامتیں
Operator (function)	عامل (تفاعل)
Opposite angles	مقابل زاویے
Opposite direction	مخالف سمت
Opposite sides	مقابل ضلع
Opposite polynomials	جمعی معکوس کثیر رکنی
Order property	ترتیبی خاصیت
Ordered	مرتب
Ordered couple	مرتب جفتہ ۔ جفت
Ordered pair	مرتب جوڑا
Ordered integral domain	مرتب صحیح علاقہ
Ordered quadruples	مرتب چوگانے
Ordered set	مرتب سیٹ
Ordered triples	مرتب سہ گانے
Ordering	ترتیب
Ordering relation	ترتیبی رشتہ
Ordinal numbers	رتباتی اعداد
Ordinate	عرضی مختص
Origin	مبدا
Original rule	اصلی قاعدہ
Orthogonal	عمودی، عمود دار
Orthogonal bases	عمودی اساس
Orthogonal matrixes	عمودی ماترسین
Orthogonal transformation	عمودی استحالہ

P

Pair	جوڑا
Paradox	متناقضہ، مہمل نما
Parallel lines	متوازی خطوط
Parallelogram	متوازی الاضلاع
Parallelopiped	متوازی السطوح
Parallel planes	متوازی مستوی
Partial fractions	جزوی کسریں
Partial ordered relation	جزوی مرتب رشتہ
Partial ordering	جزوی ترتیب
Partially ordered set	جزوی مرتب سیٹ
Path	پتھ ۔ راہ
Partition	جز تقسیم
Pendulum	رقاص
Pentagon	پانچ ضلعی
Percentage	فی صدی
perfect number	کامل عدد
Perfect square	کامل مربع
Perimeter	احاطہ
Perpendicular	عمود
Perpendicular bisector	عمودی ناصف
Permutation	مبادلہ
Permutation group	مبادلہ گروپ

Persuasive	محرک
Plane	مستوی
Plane surface	مستوی سطح
Point	نقطہ
Point of contact	نقطۂ تماس
Point of intersection	نقطۂ تقاطع
Points	نقطے
Polygon	کثیر ضلعی
Polyhedron	کثیر سطحی
Polynomial	کثیر رکنی
Polynomial domain	کثیر رکنی علاقہ
Ponendo (antecedent)	متقدم
Position function	مقام تفاعل
Positional notation	بہ لحاظ مقام ترقیم
Positive	مثبت
Positive integer	مثبت صحیح عدد
Positive integral power	مثبت صحیح عددی قوت
Possible	ممکن
Possibility	امکان
Possibility connection	امکانی تعلق
Posterity probability	مابعد احتمال
Postulate	متعارف۔ مسلمہ
Potential energy	قوۃ توانائی
Power	قوت
Power set	قوتی سیٹ
Practical proof	عملی ثبوت
Preceding numbers	پیش رو اعداد۔

Predicate	محمول
Predicate constant	محمولی مستقل
Pre-image	پیش عکس
Premise	مقدمہ
Primises	مقدمات
Prime factors	مفرد اجزا ضربی
Prime numbers	مفرد اعداد
Principal (Arith)	اصل زر
Principle	اصول
Prior probability	پیشین احتمال
Prism	منشور
Probability distribution	احتمالی بٹاؤ
Probability measure	احتمالی پیمائش
Probability space	احتمالی فضا
Problem (Geom.)	مسئلہ عملی، اشکلہ (جیومیٹری)
Product	حاصل ضرب
Product function	ضربی تفاعل
Product set	ضربی سیٹ
Profit	نفع
Pronoun	ضمیر
Proof	ثبوت
Proof contradiction	ثبوت بخلاف (بہ تناقض)
(Proper characteristic)	
Proper divisor	واجب قاسم
Proper fraction	واجب کسر
Proper right ideal	واجب دایاں ایدیال
Proper subset	واجب تحت سیٹ

Properties	خصوصیات
Proportion	تناسب
Proportional	متناسب
Proportionality	متناسبیت
Proposed rule	مجوزہ قاعدہ
Proposition	قضیہ
Propositional function	قضیاتی تفاعل
Propositional variable	قضیاتی متغیر
Protractor	چاندہ
Pseudo	نقلی
Psuedo operation	نقلی عمل
Pure imaginary numbers	خالص خیالی اعداد
Pure quadratic equation	خالص دو درجی مساوات
Pyramid	ہرم
Pythagoras theorem	فیثاغورث کا مسئلہ

Q

Quadrant	ربع
Quadratic	دو درجی
Quadratic equation	دو درجی مساوات
Quadratic expression	دو درجی عبارت
Quadratic polynomial	دو درجی کثیر رکنی
Quadrilateral	چار ضلعی
Qualification	توصیف
Qualitative assertion	وصفی ادعا
Quantified statement	مقداریاتی بیان
Quantifier	مقداریہ
Quantitative assertion	مقداری ادعا
Quantity	مقدار۔ رقم
Quarterly	سہ ماہی
Quartic	چار درجی
Quartic polynomial	چار درجی کثیر رکنی
Quasi ordering	ترتیب آسا
Quaternary	چار عنصری
Quaternion group	چہاریہ گروپ
Quotient	خارج قسمت
Quotient rings	مخروطی حلقہ
Quotient set	مخروطی سیٹ
Quotient group	مخروطی گروپ

R

Radical	جذری
Radical axis (Geom.)	بنیادی محور
Radical sign	جذری علامت
Radius	نصف قطر
Random	بلا منصوبہ
Range of values	قدروں کی سمت
Rank	مرتبہ
Rate	شرح
Ratio	نسبت
Ratio equivalent	نسبتی معادل
Rational cut	ناطق کاٹ
Rational expression	ناطق عبارت
Rational numbers	ناطق اعداد
Ray	شعاع
Real definition	حقیقی تعریف
Real line	حقیقی خط
Real numbers	حقیقی اعداد
Real part	حقیقی حصہ
Real symmetric matrices	حقیقی متشاکل ماترسین
Real valued function	حقیقی قدری تفاعل
Real variables	حقیقی متغیر
Reciprocal	مقلوب

Reciprocal equation	مقلوب مساوات
Rectangle	مستطیل
Rectangular	مستطیلی
Rectangular parallelopiped	قایم متوازی السطوح
Recurring decimal	متوالی اعشاریہ
Redicand	مجذور
Reductio ad absurdum	ثبوت بخلاف
Reducible element	تحویل پذیر عنصر
Reduction sentence	تحویلی جملہ
Redundent	غیر ضروری
Reflection	انعکاس
Reflex angle	زاویہ زائد
Reflexive relation	رجوعی رشتہ
Region	خطہ
Regular	منتظم
Regular element	باقاعدہ عنصر
Regular hexagon	منتظم چھ ضلعی
Regular permutation group	باقاعدہ مبادلہ گروپ
Regular polygon	منتظم کثیر ضلعی
Regular pyramid	منتظم اہرم
Regular tetrahedron	منتظم چار سطحی
Related homogenous equation	وابستہ متجانس مساوات
Relation	رشتہ
Relation frequency	رشتی تعدد
Relation of equality	تساوی کا رشتہ
Relation symbols	رشتی علامتیں
Relatively	اضافی طور پر

Relatively prime	اضافی مفرد
Relative product	اضافی حاصل ضرب
Remainder	باقی
Repeating	تکراری
Repeating decimal	تکراری اعشاریہ
Replace	عوض رکھنا
Replacement	عوض
Replacement set	عوضی سیٹ
Representation	تعبیر۔ اظہار
Representation theories	تعبیری نظریے
Required	مطلوبہ
Residue classes moduls	بقیہ کلاسیں بہ قیاس
Restricted inference	تحدید شدہ استنتاج
Restriction of function	تفاعل کی تحدید
Resultant external force	حاصل بیرونی قوت
Results	نتائج
Reverse lexicographically	لغوی لحاظ سے پشت رو
Reversed order	پشت رو۔ الٹی ترتیب
Rhomboid	معین نما
Rhombus	معین
Right angle	زاویہ قائمہ
Right angled triangle	قائم زاوی مثلث
Right circular cone	قائم دائری مخروط
Right circular cylinder	قائم دائری اسطوانہ
Right distributive	دایاں تقسیمی
Right half plane	دایاں نیم مستوی
Right hand cancellation law	دایاں تنسیخی قانون

Right number of equivalence	معادلت کا دایاں رکن
Right prism	قایم منشور
Rigidity	استواری
Ring	رنگ ۔ حلقہ
Ring with unity	وحدانیہ عنصری رنگ
(multiplicative identity)	وحدانیہ عنصری حلقہ
Root	جذر ۔ اصل ۔ ریشہ
Roster form	فہرستی طریقہ ۔ روسٹری طریقہ
Rotation	عدد کا سالم تر بنانا
Round off a number	عدد کو قریب تر کرنا
Rounded	قریب کردہ
Rounding	سالم بنانا ۔ موٹا کرنا
Row canonical matrix	قطاری آئینی ماترس
Row(column) equivalent	قطاری (کالمی) معادل
Row indices	قطاری اشاریے
Row rank	قطاری مرتبہ
Row vectors	قطاری سمتی
Rule	قاعدہ
Rule of conditional proof	مشروط ثبوت کا قاعدہ
Rule method	ضابطی طریقہ
Rule of three	تین کا قاعدہ
Russel's Paradox	رسل کا متناقضہ (مہمل نما)

S

Sample space	نمونیاتی فضا
Scalar	عددیہ
Scalar multiplication	عددیہ ضرب
Scalar product operation	عددیہ ضربی عمل
Scalar product	عددیہ حاصل ضرب
Scale	پیمانہ ۔ پٹری ۔ پٹی
Scalene triangle	مختلف ضلعی مثلث
Schwarz inequality	شوارز کی لاتساوی
Scope	وسعت
Sec	سک (قط)
Secant	خط قاطع
Second complete reaction	دوسرا مکمل ردعمل
Second sub scripts	دوسرے زیر نوشت
Section	تراش، تراشہ
Segment	قطعہ
Selling price	قیمت فروخت
Semi circle	نصف دائرہ
Sentence	جملہ
Sentential connective	جملئی عطف
Sentential form	جملئی صورت
Sentential function	جملئی تفاعل
Sentential interpretation	جملئی تعبیر

Sentential variable	جملئی متغیر
Series (parallel) network	سلسلئی (متوازی) جال
Seque,nce	تواتر
Set	سیٹ
Set builder form	سیٹ سازصورت
Set function	سیٹ تفاعل
Set function structure	سیٹ تفاعل ساختہ
Set notation	سیٹ ترقیم
Set of points	نقطوں کا سیٹ
Set of sets	سیٹوں کا سیٹ
Set-square	سیٹ اسکوائر، گنیا
Set theoretical	سیٹ نظریاتی
Set theoretical product	سیٹ نظریاتی حاصل ضرب
Set theoretical entities	سیٹ نظریاتی ہستیاں
Shaded	سایہ دار
Short cut rules	زودعمل قاعدے
Side	ضلع، جانب
Sieve	چھان
Sieve of Eratosthenes	ایراٹوستھینز کی چھان
Sign	نشان۔ علامت
Similar	مشابہ
Similar matries	مشابہ ماترسین
Similar polygons	مشابہ کثیر ضلعی
Similar set	مشابہ سیٹ
Similar triangles	مشابہ مثلث
Similarity mapping	مشابہتی تنقیش
Simple fraction	مفرد کسر

Simple group	سادہ گروپ
Simple interest	سود مفرد
Simple ordering relation	سادہ ترتیبی رشتہ
Simple predicate	سادہ محمول
Simple relation structure	سادہ رشتی ساخت
Simple ring	سادہ رِنگ
Simultaneous equations	ہم وقت مساواتیں
Sine	سائن (جیب)
(Co-sine)	کوسائن (ہم جیب)
Singular linear transformation	نادر خطی استحالہ
Singular matrix	نادر ماترس
Skehwfield	عوجی میدان
Slant height	ترچھی اونچائی
Solution	حل
Solution set	حل سیٹ
Sound	اطمینان بخش
Spanned	تکوین شدہ
Spans	تکوین کرتا ہے
Specie	نوع
Species	انواع
Speed	چال
Sphere	کرہ
Square	مربع
Square matrices	مربع ماترسین
Square root	جذر
Standard formalization	معیاری انضباط
Statement	بیان

Statements	بیانات
Step	مرحلہ۔ قدم
Stipulation	شرط
Straight angle	مستقیم زاویہ
Straight line	مستقیم خط
Strict partially ordering relation	تاکیدی جزوی ترتیبی رشتہ
Strict simple ordering relation	تاکیدی سادہ ترتیبی رشتہ
String of identities	متماثلات کی لڑی
Strong ordering	قوی ترتیب
Strongly connected relation	قوی پیوستہ رشتہ
Structure	ساخت
Sub domain	تحت علاقہ
Subfield	تحت فیلڈ (میدان)
Sub group	تحت گروپ
Sub jective	شعوری
Subjective view	شعوری نظر (منظر)
Sub matrix	تحت ماترس
Sub relation	تحت رشتہ
Sub ring	تحت حلقہ
Subscripts	زیر نوشتے
Sub set	تحت سیٹ
Sub space	تحت فضا
Sub statements	تحت بیانات
Substitute(v)	درج کرنا۔ بدلنا
Substitute (n)	اندراج۔ بدل
Substitution	اندراج ۔ بدل

Subtlety	نزاکت
Subtraction	تفریق۔ گھٹانا
Subtrahend	مفروق
Succeeding	پس رو
Successive	متواتر
Successor	پس رو
Sufficiency	کفایت
Super script	بالانوشت
Supplement	تکملہ
Supplementary	تکمیلی
Supplementary angle	تکمیلی زاویہ
Supremum	(اقل بالائی حد) علویہ
Sum	مجموعہ۔ جوڑ۔ حاصل جمع
Sum total	میزان
Summarize	خلاصہ کرنا
Summation	جمع سازی
Super set	بالاسیٹ
Surd	اصم
Surface	سطح
Surjective	پرربطی
Syllogism	قیاس
Syllogistic logic	قیاسی منطق
Symbol	رمز، علامت
Symbolic language	علامتی زبان
Symbolic logic	علامتی منطق
Symbolic notation	علامتی ترقیم
Symbolization	علامتیت

Symbolize	علامتی بنانا
Symmetric function	متشاکل تفاعل
Symmetric group	متشاکل گروپ
Symmetric relation	متشاکل رشتہ
Symmetrical angles	متشاکل زاویے
Symmetrical equation	متشاکل مساوات
Symmetrical figures	متشاکل شکلیں
Symmetrical lines	متشاکل خطوط
Symmetrical points	متشاکل نقطے
Symmetrical triangle	متشاکل مثلث
Symmetrically	متشاکل طور پر
Symmetry	تشاکل
System	نظام
System of natural numbers	طبعی اعداد کا نظام
Systematic	منظم

T

Table	جدول
Tabular form	جدولی صورت
Tan	ٹیان (مس)
(Cotan)	کوٹیان، ہم مس
Tangent	مماس
Tangential	مماسی
Tangential circles	مماسی دائرے
Tangential segment	مماسی قطعہ
Tauto logical equivalence	تکرار معنوی معادلت
Tauto-logical implication	تکرار معنوی دلالت
Tauto logically equivalent	تکرار معنویت کے اعتبار سے معادل
Tautology	تکرار معنی
Temperature	درجۂ حرارت
Temporary constant	عارضی مستقل
Term	رکن
Terminating	مختتم
Terminating decimal	مختتم اعشاریہ
Terms	ارکان
Ternary relation	عصری رشتہ
Terra firma	سطح آرضی
Tetrahedron	چار سطحی
Tetranomial	چار رکنی

Theorem	مسئلہ
Theory of preference	نظریۂ ترجیح
Three dimensional vector	سہ ابعادی سمتی
Time	مدت / وقت
To convert	تحویل کرنا
To factorize	اجزاءِ ضربی معلوم کرنا
To plot	ترسیم کرنا
To reduce to common denominator	ہم مخرج بنانا
To round off	سالم بنانا
To simplify	مختصر کرنا
To verify	تصدیق کرنا
Tollendo(consequent)	تالی (موخر)
Tolleus (Antecedent)	متقدم
Topography	نقشہ سازی
Total matrix (Algebra)	کل ماترس (الجبرا)
Total orders	کل تراتب
Total probability	کل احتمال
Totality	کلیت
Totally ordered set	کلی طور پر مرتب سیٹ
Trajectory	مسیر (مرئی کا راستہ)
Transcendental	ماورائی
Transfinite induction	ماورائے متناہی استقراء
Transfinite number	ماورائے متناہی عدد
Transformation	استحالہ، تحویل
Translation	منتقلی، خطی منتقلی
Transpose	پلٹاؤ
Transpose of the matrix A	ماترس A کا پلٹاؤ

Transposed matrix	پلٹا یا ماترس
Transposition	جابدلی
Transition	عبور۔مرور
Transitive	انتقالی
Transverse	عرضی
Transverse common tangent	عرضی مشترک مماس
Transversal	عرضی۔قاطع
Trapozium	منحرف
Trapozoid	منحرف نما
Tree diagram	شجری ڈائیگرام
Triangle	مثلث
Triangluar inequality	مثلثی لاتساوی
Trinomial	سہ رکنی
Triplat	سہ گانے
Triplicate	تائی
Trivial divisor	ادنیٰ قاسم
True	صادق
True conclusion	صادق نتیجہ
True premises	صادق مقدمات
Truth	صداقت
Truth functional	صدق تفاعلی
Truth functional connective	صدق تفاعلی عطف
Truth set	صادق سیٹ
Truth table	صدقی جدول
Truth value	صدقی قدر
Twice differentiable	دوبار تفرق پذیر
Two place predicate	دو مقامی محمول

Type	ٹائپ، قسم۔ نوع
Types	اقسام۔ انواع

U

Unary operation	یک عنصری عمل
Unbounded set	غیر محدود سیٹ
Undesirability	ناپسندیدگی
Union	اجماع
Union of sets	سیٹوں کا اجماع
Unique	یکتا
Unique factorisation	یکتا اجزائے ضربی تحلیل
Unique factorization theorem	یکتا جزو ضربی مسئلہ
Unique immediate successor	یکتا فوری پس رو
Uniquely	یکتا طور پر
Uniqueness	یکتائی
Unit	اکائی، واحدہ، یونٹ
Unit basis vector	اکائی اساسی سمتی
Unit matrix	اکائی ماترس، وحدانیہ ماترس
Unit method	اکائی طریقہ
Unitary	وحدانی
Units	واحدے
Unity	وحدانیہ
Unity element	وحدانیہ عنصر
Universal generalisation	آفاقی تعمیم
Universal quantifier	آفاقی مقداریہ
Universal relation	آفاقی رشتہ

Universal set	آفاقی سیٹ
Universal specification	آفاقی تخصیص
Universal validity	آفاقی جواز۔ آفاقی معتبری
Universe	آفاق
Universe of discourse	کلام کا آفاق
Unprimed	غیر پرائم شدہ
Unordered set	غیر مرتب سیٹ
Upper bound	بالائی حد
Upper triangular matrix	بالائی مثلثی ماترس
Utterly trivial algebra	انتہائی ادنیٰ الجبرا

V

Vacuous	خالی
Vacuous set	خالی سیٹ
Vague	مبہم
Vagueness	ابہام
Valid argument	معتبر دلیل. جائز دلیل
Valid conclusion	جائز نتیجہ۔ معتبر نتیجہ
Validity	جواز۔ معتبری
Variable	متغیر
Variety	تنوع
Vector	سمتی
Vector addition	سمتی جمع
Vector product operation	سمتی ضربی عمل
Vector spaces	سمتی فضائیں
Vector valued function	سمتی قدری تفاعل
Velocity	رفتار
Verbal assertions	لفظی ادعا
Verbal definition	لفظی تعریف
Verification	تصدیق۔ جانچ
Vertex	راس
Vertical	انتصابی۔ راسی
Vertical angle	راسی زاویہ
Vertical direction	انتصابی سمت

Vertical height	راسی اونچائی / انتصابی اونچا
Vertical line	انتصابی خط
Vertically opposite angle (Vertical angles)	متقابل راسی زاویہ
Violate	خلاف ورزی کرنا، خلاف کرنا
Violation	خلاف ورزی
Void set	خالی سیٹ
Volume	حجم
Vulgar fraction	کسرِ عام

W

Well defined	خوش معرف
Well ordered	خوش مرتب
Well ordered set	خوش مرتب سیٹ
Well ordering theorem	خوش ترتیبی مسئلہ
Whole	مکمل (کل، کامل)
Whole expression	مکمل عبارت
Whole numbers	مکمل اعداد
Whole square	مکمل مربع

X-Axis	x- محور

Y-Axis	y- محور
Y-form	y- صورت

Z

Zero	صفر
Zero of multiplicity two	دوتکثر کا صفر
Zero product theorem	صفر ضربی مسئلہ
Zermelo's postulate	زرمیلو کا سلسلہ
Zorn's lemma	زورن کا معادمہ

ترقی اُردو بیورو کی فرہنگ اصطلاحات و لغات

فرہنگ اصطلاحات فلسفہ نفسیات اور تعلیم (انگریزی اُردو) ۳۶۴ ۳۰/-

فرہنگ اصطلاحات نباتیات (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۱۷۱ ۱۵/-

فرہنگ اصطلاحات انسانیات (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۴/۵۰

فرہنگ اصطلاحات حیوانیات (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۸۶ ۱۲/-

فرہنگ سیاسیات محمد محمود و فیض احسن علی جعفری ۴۷۴ ۳۸/-

فرہنگ اصطلاحات کیمیا (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۵۶ ۸/-

فرہنگ اصطلاحات معاشیات (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۱۴۱ ۱۰/-

فرہنگ اصطلاحات لسانیات (انگریزی اردو) مرتبہ ترقی اردو بیورو ۲۱۲ ۲۰/-

فرہنگ آصفیہ (جلد اول) (دوسرا ایڈیشن) مولوی سید احمد دہلوی ۴۰/-

〃 〃 (جلد دوم) 〃 〃 〃 〃 〃 ۴۰/-

〃 〃 (جلد سوم) 〃 〃 〃 〃 〃 ۴۰/-

فرہنگ ادبی اصطلاحات کلیم الدین احمد ۲۰۶ ۲۷/-

مختصر اردو لغت (انگریزی اردو) مرتبہ: ترقی اردو بیورو ۹۸۴ ۶۵/-

J AND K ACAdemy OF ART CULTURE AND LANGUAGES

J AND K ACAdemy OF ART CULTURE AND LANGUAGES